سوال

(95) نماز عشاء کی رکعات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جوہر آباد سے طالب حسین پوچھتے ہیں کہ نماز عشاء کی کل رکعت سترہ ہیں یا سات؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عشاء کی کل چھ رکعت ہیں چار فرض دو سنت اور تین وتر، البتہ نماز وتر عشاء کا حصہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک الگ رات کی نماز ہے جسے سہولت کے پیش نظر عشاء کے ساتھ پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ نماز عشاء کے لئے سترہ رکعات کا ثبوت کسی صحیح حدیث سے نہیں ملتا، ویسے نوافل ادا کرنے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:130